21611 ـ كيا عورت كے رحم ميں كيمره ٹيوب ڈالنے كے بعد غسل واجب ہوتا ہے

سوال

ميں كچھ ماه سے زير علاج ہوں، اور بانجھ پن كا علاج كروا رہى ہوں اور ماہوارى پر نظر ركھنے اور تصوير كے ليے مسلسل ڈاكٹر كے پاس جارہى ہوں، تصوير كے دوران نرس ميرے رحم ميں ٹيوب ڈالتى ہے تا كہ قريب سے تصوير حاصل كى جا سكے، اور بعض اوقات ميرى شرمگاه ميں دوائى بھى ڈالى جاتى ہے، تو كيا تصوير كے ليے ٹيوب ڈالے جانے كے بعد غسل واجب ہوتا ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

مستقل فتوى كميٹى سے مندرجہ ذيل سوال دريافت كيا گيا:

كيا جب عورت يا ڈاكٹرنى كوئى آلہ يا دوائى فرج ميں داخل كرے تو كيا غسل واجب ہو جاتا ہے ؟

كميٹى كا جواب تھا:

جب مذكوره چيز حاصل ہو تو غسل جنابت واجب نہيں ہوتا، اور نہ ہى روزه فاسد ہوتا ہے.